صدیق پبلک سکول | جماعت: سوم | ورک شیٹ: 2

سرگرمی: کالم الف میں دی گئی تصاویر لائن لگا کر کالم ب میں جملوں سے ملائیے اور کہانی ترتیب دیجیے۔

# عنوان: آؤ عید کارڈ بنائیں

کالم الف | کالم ب

1 

2 

3 

4 

5 

6 

دادا جان نے انھیں سمجھایا: "اس میں پریشان ہونے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ آپ عید کارڈ خود بنا لیجیے۔" ندا نے پوچھا: "ہم عید کارڈ بنانے کے لیے سامان کہاں سے لائیں گے۔"

بچوں نے سارا سامان اکٹھا کیا اور عید کارڈ بنانے میں مصروف ہو گئے۔

ایک دن علی اور ندا مایوس بیٹھے تھے۔ حرا کمرے میں داخل ہوئی تو اس نے پوچھا: "آپ دونوں اداس کیوں ہیں۔" علی اور ندا نے بتایا کہ وہ اس لیے اداس ہیں کیونکہ وہ امی جان اور ابو جان کے لیے عید کارڈ خریدنا چاہتے ہیں لیکن ان کے پاس پیسے نہیں ہیں۔

علی نے جواب دیا: "گھر میں کاغذ، رنگ اور برش موجود ہیں۔"

شام کو جب ابو جان آفس سے واپس گھر آئے تو بچوں نے عید کارڈ امی اور ابو جان کو دیے۔ وہ دونوں عید کارڈ دیکھ کر بہت خوش ہوئے اور انھیں شاباش دی۔

وہ ایک دوسرے کے عید کارڈ دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔

LIVEWORKSHEETS